## سوال

(110) مسلین میں تفرقہ ڈانے والے کا حشر کیا ہوگا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا روئے زمین کے عامۃ المسلمین سے خدا اور رسول ﷺ کا مطالبہ صرف ایک ہی دین ومذہب پر قائم رہنے کا ہے۔ یا متفرق فرقوں پر نیز جماعت المسلین میں تفرقہ ڈانے والے کا حشر کیا ہوگا۔؟ (محمد غلام قادر خلف حاجی مولا بخش دارالاشاعت محبوبیہ چھاونی نصیر آباد راجپوتانہ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

بے شک خدا کو ایک ہی دین پر قائم رہنا منظور ہے۔ ان اقیمواالدین ولا تتفرقوا مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے والے کی سزا وہی ہے۔ جو قرآن مجید میں مذکور ہے۔

اِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری](#)

**جلد 2 ص 81**

محدث فتویٰ